وزیراعظم کا نیوکلیر سیکیورٹی سمٹ میں شرکت کے لیے دورۂ امریکہ

(31 مارچ تا 01 اپریل، 2016)

22 مارچ، 2016 (آئی این ایس انڈیا)

وزیراعظم جناب نریندر مودی واشنگٹن ڈی سی میں 31 مارچ سے 01 اپریل تک منعقد ہونے والی چوتھی نیوکلیر سیکیورٹی سمٹ میں شرکت کریں گے۔

پہلی نیوکلیر سیکورٹی سمٹ واشنگٹن ڈی سی میں (اپریل 2010) میں منعقد کی گئی تھی، اس کے بعد (مارچ 2012) میں سیول میں اور (مارچ 2014) میں دی ہیگ میں منعقد ہوئی تھی۔

نیوکلیر سیکورٹی سمٹ کا جوہری دہشت گردی، اور حساس جوہری مواد اور ٹکنالوجی تک رسائی حاصل کرنے سے دہشت گردوں اور دیگر غیر ریاستی عناصر کو روکنے میں، اور اس جانب درپیش خطرات پر عالمی رہنماؤں کی توجہ مرکوز کرنے میں اہم کردار رہا ہے۔

2016 کی سمٹ میں بھی مستقبل کے ایجنڈے کے خاکے کی شکل میں گزشتہ این ایس ایس معلومات رعملی منصوبے کی ترقی کا جائزہ لینے کی امید ہے۔

وزیراعظم این ایس ایس 2016 کے موقع پر دوطرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے۔

نئی دہلی

22 مارچ 2016